## Says provincial government proposed over 60 feasible reforms in this connection

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Ahmed Bugti on Saturday said that practical steps were being taken to improve governance in the province and in this regard more than 60 feasible reforms were proposed by provincial government.

He expressed these views while talking to delegation of Balochistan Civil Service Officers Executive Branch Welfare Association led by President Mujib-ur-Rehman Qambrani called on him here. The delegation conveyed suggestions regarding the improvement of civil services in Balochistan and expressed their commitment to fully support the vision of CM Balochistan to remedy corruption and irregularities while supporting the proposed measures and reforms for the improvement of governance. Speaking to the delegation, CM Mir Sarfraz Bugti said that measures were being taken to improve governance in the province, in this regard more than 60 feasible reforms have been proposed by the provincial government on which consultation with stakeholders was ongoing. Bureaucracy plays a central role in the implementation of government initiatives and policies, so the full cooperation of officers on the vision of reforms is essential, he said. The CM said that for the welfare of the province and its people, all groups of civil services have to support the government initiatives with full responsibility so that the desired goals could be achieved.

He said that officers should not be shouldered by anyone in legal matters but should work for the promotion of merit saying that in this regard, they might face temporary difficulties, but the victory was always the principled stand.

It is a harsh reality that principled officers are often under-represented and most of their service is spent on OSD but he is always fondly remembered among the educated classes, eligibility and merit should always be given priority, he noted.

The CM said that junior officers used political influence to get appointed to senior posts which was not true, and they should not come to the position of their seniors for personal gain and counseling of the officers was required in this regard. Politicians will also convince colleagues to avoid recommending against the law while keeping merit in mind, he said.

Chief Minister Sarfraz Bugti said that Deputy Commissioners in Balochistan have been restricted to revenue matters only and it was necessary to empower the administrative officers to solve the problems that have arisen. He said that officers with good administrative skills would be encouraged and could utilize all available resources to enhance their professional competence. He hoped that the measures suggested for the improvement of civil services would yield substantial results and help in establishing good governance.

CamScanner

Quetta Sunday May 05, 2024




QUETTA: A delegation of Balochistan Civil Services Officers Welfare Association calls on Chief Minister Sarfraz Bugti on Saturday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 MAY 2024 Page No. 15


## محکمہ تعلیم کے قلمدان کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا، راحیلہ حمید درانی

نقل کا خاتمہ کرنا ہوگا

**علم کا مقصد صرف ڈگری کا حصول نہیں ہونا چاہئے‘ مخدوش عمارتوں سے متعلق رپورٹ طلب کرلی‘ وزیر تعلیم کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ کے میل اور فیمیل سکولز کے پرنسپل اور پروفیسرز کا اجلاس ہوا جس کا مقصد ہائیر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ کے مسائل کو جاننا تھا، اجلاس میں پرنسپل صاحبان نے صوبائی وزیر کو تفصیلاً مسائل سے آگاہ کیا، زیادہ تر پرنسپل صاحبان نے کالج میں فنڈ کی کمی، بسوں کی عدم دستیابی، اساتذہ کی کمی، اور خستہ عمارتوں کی شکایت کی، فرداً فرداً سننے کے بعد اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ اس بات میں کوئی شک نہیں کی بلوچستان میں نظام تعلیم کا برا حال ہے، موجودہ نظام تعلیم پر بہت سارے سوالات اٹھ رہے اس لیئے میں نے محکمہ تعلیم کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا، مسائل بہت ہیں مگر میں مایوس نہیں ہوں کام تیز کرنے کی ضرورت ہے نظام تعلیم کو نقل نے تباہ کر دیا جس سے نوجوان طالبعلموں کا مستقبل برباد ہو رہا ہے صرف ڈگری لینا علم نہیں ہم نے اپنے بچوں کا مستقبل اگر ٹھیک کرنا تو کرپشن کا مکمل خاتمہ کرنا ہے، اس موقع پر صوبائی وزیر نے مخدوش عمارات کی فوری رپورٹ طلب کرلی، پانی بجلی اور گیس کی دستیابی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایات جاری کیں۔

## گوادر میں فری زون ایگریکلچر انڈسٹریل پارک کا افتتاح

**وفاقی اور صوبائی حکومتیں گوادر کے منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی خواہاں ہیں، قیصر احمد شیخ**

ڈی سیلینیشن پلانٹ شہریوں کو یومیہ 12 لاکھ گیلن پانی فراہم کرے گا، وفاقی وزیر برائے سمندری امور کا خطاب

گوادر (پ ر) وفاقی وزیر برائے سمندری امور قیصر احمد شیخ نے گوادر میں فری زون ایگریکلچر انڈسٹریل پارک کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب چائینا بزنس سینٹر میں منعقد ہوئی۔ افتتاحی تقریب میں چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی پسند خان بلیدی اور چیئرمین چائینا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی (کوپک) بھی شریک تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ وزیر اعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر گوادر آئے ہیں۔ اس دورے کا مقصد گوادر کے میگا منصوبوں کا معائنہ اور زیر تکمیل پروجیکٹس کے کام کو تیز کروانا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گوادر کے لوگوں کیلئے بہت سے اہم ترین منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں۔ ان منصوبوں میں ایران سے ایک سو میگاواٹ بجلی، ڈیمز، ڈی سیلینیشن پلانٹس، سڑکیں اور اسپتال شامل ہیں۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں گوادر کے منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی خواہاں ہیں اور دوست ملک چین کی معاونت سے فری زون میں ڈی سیلینیشن پلانٹ کی تنصیب ہو چکی ہے جو شہریوں کو یومیہ 12 لاکھ گیلن پانی فراہم کرے گا۔ ڈی سیلینیشن پلانٹ کے پانی کو شہر سے منسلک کرنے کا کام رہ گیا ہے جو کہ جلد ہو جائے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین چائینا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی کوپک نے کہا کہ اقتصادی راہداری کے منصوبوں پر پاک چین مثالی کام کر رہے ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل کو دیکھ کر پاک چین دوستی پر فخر محسوس ہوتا ہے۔

## شعبہ صحت کی بہتری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے

فیصل خان جمالی

**ڈاکٹروں نرسوں اور ادویہ کی کمی کو دور کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے‘ وزیر صحت کا دورہ سول ہسپتال‘ مختلف شعبوں کا معائنہ کیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر صحت بلوچستان سردار زادہ میر فیصل خان جمالی اور سیکرٹری صحت عبداللہ خان نے رات گئے سول ہسپتال کا دورہ کیا۔ ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر اسحاق پانیزئی نے وزیر صحت سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کو بریفنگ دی۔ ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر اسحاق پانیزئی نے ہسپتال کو درپیش مسائل کے بارے میں وزیر صحت کو آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے سول ہسپتال کے کارڈیک سرجری آئی سی یو، آپریشن تھیٹر، کارڈیک ایمرجنسی، کارڈیک آئی سی یو، میڈیسن وارڈ، میڈیسن آئی سی یو، چائلڈ لائف، پیڈز وارڈ، ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی وارڈ و فارمیسی اور برن یونٹ کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں داخل مریضوں کی عیادت کی۔ وزیر صحت نے ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر اسحاق پانیزئی کی کارکردگی کو سراہا اور ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز، فارماسسٹس، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈائریکٹر ایڈمن ہیلتھ کارڈ ڈاکٹر احمد ولی نے وزیر صحت کو ہیلتھ کارڈ کے بارے میں بریفنگ بھی دی۔ وزیر صحت سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے کہا کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کو علاج و معالجے کیلئے تمام طبی سہولیات بروئے کار لائی جائیں اس وقت صوبے میں صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو کئی چیلنجز کا سامنا ہے ان میں ڈاکٹروں اور نرسوں اور ادویات کی کمی کو پورا کرنا اور نان فنکشنل مشینری کو فعال کرنا ہماری اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ حکومت بلوچستان صوبے میں صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے پر عزم ہے۔

## گوادر میں باڑ لگانیکی اجازت نہیں دی جائیگی، اسد بلوچ

**قدرتی وسائل عوام کی ملکیت، بلوچستان کو نوآبادیاتی کالونی کی طرز پر چلانیکا سلسلہ بند کیا جائے، گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) بی این پی عوامی کے مرکزی صدر میر اسد اللہ بلوچ نے گوادر میں باڑ لگانے اور بلوچستان کے وسائل اور معدنیات کو فروخت کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان اقدامات کی بلوچ قوم ہرگز اجازت نہیں دے گی، کیونکہ یہ قدرتی وسائل بلوچستان کے عوام کی ملکیت ہیں جن کا سودا کرکے بلوچستان کو نوآبادیاتی کالونی کی طرز پر چلانے کا سلسلہ بند کیا جائے اور صوبے کے لوگوں کی نسل کشی کو روکا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اسد بلوچ نے کہا کہ گوادر کو عالمی منڈی میں جس طریقے سے فروخت کرنے اور مقامی لوگوں کو وہاں سے بے دخل کرنے کے لئے جو باڑ لگانے کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے اس کی ہم اجازت نہیں دیں گے کیونکہ گوادر بلوچستان اور مقامی لوگوں کا ہے اس کو بین الاقوامی طور پر جو حیثیت حاصل ہے وہ سب کے سامنے ہے، باڑ لگا کر مقامی لوگوں کا معاشی قتل عام کرنے کے ساتھ سمندر سے بھی انہیں دور رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسمبلی سمیت ہر فورم پر آواز بلند کرینگے۔

## حق اور سچ کی راہ سے کسی صورت دستبردار نہیں ہونگے، یونس عزیز زہری

**اپوزیشن لیڈر کا مولانا صدیق مینگل کی ٹارگٹ کلنگ کیخلاف خضدار میں مظاہرے سے خطاب**

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ ریاست اور حکومت بتائے ہمارے کارکنوں اور صحافیوں کو کیوں نشانہ بنایا جارہا ہے بلوچستان حکومت ایف سی اور پولیس کو امن وامان کی بحالی و شہریوں کے تحفظ کیلئے سالانہ خطیر رقم دے رہی ہے اس کے باوجود امن نظر نہیں آرہا ہم جانتے ہیں کچھ عرصہ قبل قائد مولانا فضل الرحمن کو واضح پیغام دیا گیا تھا کہ اپنے ایجنڈے سے ہٹ جاؤ بصورت دیگر تمہارے کارکنوں کو نشانہ بنایا جائے گا مگر ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ جمعیت کے کارکن حق و سچ کے راستے سے کسی صورت دستبردار نہیں ہونگے اگر حکومت خصوصاً خضدار پولیس اور انتظامیہ نے اگر شہید مولانا محمد صدیق مینگل کے قاتلوں کو گرفتار نہ کیا تو سخت لائحہ عمل اختیار کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خضدار پریس کلب کے صدر جمعیت کے صوبائی نائب امیر مولانا محمد صدیق مینگل کی شہادت اور حملہ آوروں کی عدم گرفتاری کے خلاف جمعیت کے زیر اہتمام ریلی/مظاہرے سے خطاب میں کیا ریلی سابق سینیٹر مولانا فیض محمد سمانی، ایم پی اے میر یونس عزیز زہری اور مولانا عنایت اللہ رودینی کی قیادت میں مرکزی جامع مسجد خضدار سے نکالی گئی شرکاء نے مختلف بینرز اٹھا رکھے تھے ریلی مرکزی آزادی چوک خضدار پہنچ کر جلسے میں تبدیل ہوگئی جس سے مولانا فیض محمد سمانی، خضدار پریس کلب کے جنرل سیکرٹری محمد اقبال مینگل، مولانا عنایت اللہ رودینی، میر سیف اللہ ساسولی، مولانا محمد اسحاق شاہوانی مولانا بشیر احمد عثمانی، حافظ بلال احمد مردوئی سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے مولانا محمد صدیق مینگل کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید ایک قلم کار، دانشور اور زیرک صحافی تھے انہیں حق اور سچ کی پاداش میں شہید کر دیا گیا ہے ان کی شہادت جہاں پریس کلب اور صحافیوں کے لئے ناقابل فراموش ہے خضدار میں سیاسی کارکنوں صحافی عدم تحفظ کا شکار ہیں 15 سال سے بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے جن کے قتل آج تک گرفتار نہیں ہوئے۔ مولانا صدیق مینگل کو جس جگہ شہید کیا گیا وہاں ہمیشہ پولیس کھڑی رہتی ہے مگر واقعہ کے وقت وہاں کوئی اہلکار نہ تھا۔

## پشتونوں پر تجارت اور روزگار بند کرنا قبول نہیں، پشتونخوامیپ

**ڈیورنڈ خط کے راستوں پر کئی سال سے رکاوٹیں ہیں، چمن دھرنے کے مطالبات تسلیم کیئے جائیں**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ڈیورنڈ خط کے داخلی تجارتی راستوں پر تجارت اور آمدورفت میں گزشتہ کئی سال سے مسلسل رکاوٹیں لوگوں کو شہید اور زخمی کرنا روز کا معمول بن چکا ہے، پشتونوں پر تجارت، روزگار بند کرکے انکے معاشی قتل پر مبنی ناروا اقدامات اور انہیں فاقوں پر مجبور کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ بیان میں کہا گیا کہ ڈیورنڈ خط کے آر پار واقع اپنی زرعی زمینوں، فصلات کی دیکھ بھال کیلئے آنے جانیوالوں کو پاسپورٹ کی ناروا اور غیر قانونی شرط اور چمن ڈیورنڈ خط کے تجارتی بندر پر قانونی تجارت مکمل طور پر بند کرنے کیخلاف چمن میں گزشتہ 6 ماہ سے جاری دھرنے پر حملہ جس میں ایک شخص شہید اور 6 سے زائد دیگر افراد شدید زخمی ہوئے ہیں جن کی حالت بھی درست نہیں اور مزید انسانی جانوں کے ضیاع کا خدشہ ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی فورسز کے پرامن دھرنے پر حملے کی مذمت کرتی ہے اور فوری طور پر مطالبہ کرتی ہے کہ ان کے ایف آئی آر درج کرکے تحقیقات کرائی جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے اور چمن دھرنے کے تمام مطالبات تسلیم کیئے جائیں۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ پشتون عوام کو برحق انسانی جمہوری اسلامی اور آئینی مطالبات پر شہید اور زخمی کیا جاتا ہے۔ یہ صورتحال قابل قبول نہیں اور اس کے خلاف جدوجہد کا راستہ اپنانا تمام پشتونوں کا قومی، انسانی، اسلامی فریضہ ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پشتونوں کو ملک بھر میں سر و مال کی تحفظ حاصل نہیں ہے۔ ملک کے کسی بھی شہر میں پشتونوں کی تجارت، دکانداری، گھر بسانے، محنت مزدوری کرنے سے روکا جاتا ہے اور انتظامیہ کا یہ عمل از خود سے آئین کی پامالی کے مترادف ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کسی بھی صورت میں اس غیر آئینی اور غیر قانونی اقدامات کو قبول نہیں کریگی۔

## چمن دھرنے کے شرکا پر فائرنگ آنسو گیس غیر ذمہ داری ہے، اے این پی

**مستقل حل کیلئے تجاویز پر کسی نے غور نہیں کیا، نان شبینہ کیلئے محتاج شرکاء چھ ماہ سے احتجاج کررہے ہیں**

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں چمن دھرنے کے شرکاء پر تشدد کے واقعات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ گزشتہ چھ ماہ سے احتجاج پر مجبور پرامن شرکا پر فائرنگ آنسو گیس اور اس کے نتیجے میں شہید اور زخمی ہونیوالے محنت کش غریب پرور عوام جو نان شبینہ کو محتاج و پریشان ہیں ان کے ساتھ اس طرح سے پیش آنا نہ صرف قابل تشویش ہے بلکہ غیر ذمہ داری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے اس افسوسناک واقعہ کی نہ صرف پہلے دن نشاندہی کی گئی بلکہ اس کے ایک پائیدار اور مستقل حل کیلئے تجاویز بھی پیش کی جاچکی ہے لیکن افسوس کہ ذمہ داران وقت اس کا احساس نہ کرسکے اور آج ایک غریب پرور محنت کش جان کی بازی ہار گیا اور کئی شدید زخمی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ اس طرح کے واقعات کے تدارک کیلئے ضروری ہے کہ حکمران اپنی ذمہ داریوں کا پاس کرتے ہوئے احتجاج پر مجبور ہزاروں خاندانوں کی مشکلات و مصائب میں اضافہ کرنے سے گریز اور اسے مستقل بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ بیان میں شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی گئی۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 05 MAY 2024

Page No. 19

# کوئٹہ: ٹینکر مالکان کی من مانیاں، پانی کی مہنگے داموں فروخت، متعلقہ حکام خاموش

**ماضی میں علاقے کی بنیاد پر ٹینکرز کے نرخ مقرر کیے گئے تھے، نرخنامہ جاری کرکے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ٹینکر مالکان کی من مانیاں جاری، سرکاری نرخ کی دھجیاں اڑادی گئیں، سرعام مہنگے داموں پانی فروخت کرنے لگے، عوام مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور، رپورٹ کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں پانی فراہم کرنے والے ٹینکرز کے ریٹ مقرر کئے تھے اور ٹینکر مالکان کو پابند کیا تھا کہ وہ اس ریٹ لسٹ کے مطابق شہر بھر میں پانی سپلائی کریں لیکن اسکے برعکس کوئٹہ میں ٹینکر مالکان مہنگے داموں پانی فروخت کررہے ہیں جبکہ اس ضمن میں انتظامیہ کی جانب سے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جارہی نوٹیفکیشن کے مطابق ٹینکر مالکان کو پابند کیا گیا تھا کہ وہ اپنے ٹینکر اور ٹیوب ویل پر ریٹ لسٹ چسپاں کریں اور ٹینکر مالکان مقررہ ریٹ سے زیادہ وصول نہ کریں بصورت دیگران کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی لیکن اس ضمن میں کوئی کارروئی نہیں کی جارہی عوامی حلقوں نے کہا کہ محض انتظامیہ ریٹ لسٹ جاری کردیتی ہے اسکے بعد کوئی کارروائی نہیں کی جاتی انہوں نے اپیل کی کہ ضلعی انتظامیہ مہنگے داموں پانی فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کرے۔

# کوئٹہ دن کو ہیوی ٹرانسپورٹ کے باعث ٹریفک جام معمول بن گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کی مختلف شاہراہوں میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کی آمدورفت کی وجہ سے بدترین ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے، ٹریفک حکام کارروائی سے گریزاں تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف نواحی علاقوں کی شاہراہوں میں دن بھر ہیوی ٹریفک کی آمدورفت کا سلسلہ جاری رہتا ہے جس کی وجہ سے بدترین ٹریفک جام ہوجاتا ہے عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کے شہر میں داخلے پر پابندی ہے لیکن اسکے باوجود ٹرک دن دہاڑے آتے ہیں اور گوداموں سے لوڈنگ ان لوڈنگ کرتے ہیں لیکن ٹریفک حکام کی جانب سے انکے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ شہر میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کا داخلہ مکمل بند کیا جائے۔

# کوئٹہ، کاسی قبرستان میں نشے کے عادی افراد نے ڈیرے جمالئے

**منشیات کی کھلے عام خرید وفروخت، من چلوں کی جانب سے کرکٹ وفٹبال کھیلنے سے قبرستان کا تقدس پامال**

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) کوئٹہ کا قدیم کاسی قبرستان جو وسیع وعریض رقبے پر محیط ہے متعلقہ حکام کی عدم توجہی کا شکار ہے۔ قبرستان میں کھلے عام منشیات کی خرید وفروخت ہورہی ہے، جبکہ جابجا نشے کے عادی افراد نے ڈیرے جمائے ہوئے ہیں، قبرستان مزید قبروں کی گنجائش تقریباً "ختم ہوچکی ہے جس کے باعث گورکن پرانی قبروں پر قبریں تیار کرکے بھاری بھرکم رقم بٹور رہے ہیں۔ قبرستان میں جا بجا کوڑا کرکٹ بکھرا پڑا ہے جس سے قبرستان کا تقدس پامال ہورہا ہے۔ جبکہ مختلف مقامات پر نوجوان کرکٹ اور فٹ بال بھی کھیلتے ہیں جس سے قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ قبرستان میں مختلف مقامات پر اسٹریٹ لائٹس نصب کی گئی تھیں جو غیر فعال ہیں جس کے باعث رات کے اوقات میں تدفین وفاتحہ کیلئے آنے والوں کو شدید مشکلات و پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قبرستان میں جرائم پیشہ عناصر نے بھی ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں منشیات کی خرید وفروخت کے علاوہ منشیات کے عادی افراد نشہ کرتے نظر آتے ہیں جبکہ یہی جرائم پیشہ عناصر رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر قبروں پر فاتحہ یا تدفین کیلئے آنے والوں کو لوٹ بھی لیتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی کوئٹہ عبدالحئی بلوچ سے مطالبہ کیا کہ قبرستان میں مستقل بنیادوں پر پولیس چوکی قائم کی جائے۔

# گرین بیلٹ میں اسٹریٹ کرائمز بڑھ گئے، عوام میں خوف وہراس

**نصیرآباد اور جعفرآباد میں ایک ماہ کے دوران درجنوں موٹر سائیکلیں، کاریں چھین اور چرالی گئیں، وزیراعلیٰ سے صورتحال کا نوٹس لینے کی اپیل**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیرآباد اور جعفرآباد میں امن وامان کی صورتحال مخدوش ہوگئی، ایک ماہ کے دوران درجنوں موٹر سائیکل اور کاریں چھین اور چرالی گئیں رپورٹ کے مطابق مذکورہ اضلاع میں امن وامان کی صورتحال میں تیزی سے بگاڑ آرہا ہے خاص طور پر سٹریٹ کرائمز میں اضافہ ہوگیا اعلیٰ پولیس افسران کے تبادلے اور ایگل سکواڈ کے باوجود سماج دشمن عناصر کا قلع قمع نہیں ہوسکا ہے جس سے عوام میں خوف وہراس پایا جاتا ہے اس حوالے سے ف مختلف سیاسی جماعتوں نے احتجاجی تحریک چلانے کا فیصلہ کیا ہے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ پیپلز پارٹی سٹی کے صدر عبدالرحیم لہڑی نیشنل پارٹی کے سید عبدالقادر شاہ ایم کیو ایم کے صوبائی صدر امداد علی مری نے جنگ کو بتایا کہ نصیرآباد و جعفرآباد میں امن وامان کی مخدوش صورتحال نے شہریوں کو ذہنی کوفت میں مبتلا کردیا ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران درجنوں موٹر سائیکلیں چھین اور چرالی گئیں نوتال بختیارآباد قومی شاہراہ پر ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے سفر مشکل بنادیا ہے مسافروں کا جینا محال کردیا ہے انہوں نے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے اپیل کی کہ صوبے کے گرین بیلٹ میں قیام امن کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں۔

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6

Dated: 05 MAY 2024 Page No. 20

## گندم خریداری کا عمل: کسانوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی ضرورت

ہر چند کہ اس وقت وطن عزیز پاکستان میں ایک اور بحران گندم کا سر اٹھا چکا ہے اور یہ بحران گندم کی قلت کا نہیں بلکہ اس کی اضافی مقدار کا ہے جو کسی المیے سے کم نہیں اور ان دنوں پرنٹ والیکٹرانک میڈیا سے لے کر کسانوں کاشتکاروں کی محافل اور سوشل میڈیا تک ہر جگہ اسی ایک مسئلے کی صدائے بازگشت جاری ہے تاہم یہ بات اچھی اور مستحسن ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اس بحران او رجنم لینے والی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے اضافی گندم درآمد کرنے کے معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے وزیراعظم کے حکم اور ہدایت اور اس مسئلے کا جائزہ لینے سے قبل ہم بات ہمارے صوبے بلوچستان کی کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ باقی صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی ان دنوں گندم کاشت کرنے والے زمیندار اور کسان شدید پریشانی اور مشکل سے دوچار ہیں انہیں خدشہ ہے کہ کہیں ان کے سال بھر کی محنت کا پھل ضائع نہ ہو تاہم یہ بات قابل ستائش ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز برملا اعلان کیا ہے کہ گندم کی اچھی خاصی مقدار دستیاب ہونے کے باوجود حکومت نہ صرف مزید پانچ لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدے گی بلکہ کسانوں کو بھی ریلیف دیا جائے گا اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ سے بدعنوانی کا داغ بھی دھویا جائے گا سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ خوراک کا اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس گزشتہ روز وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں گندم خریداری پالیسی اینڈ پلان دو ہزار چوبیس کا جائزہ لیا گیا اور بلوچستان کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں گندم خریداری کا عمل آئندہ ہفتے سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس کو بتایا گیا کہ اس وقت محکمہ خوراک کے پاس اٹھاون ہزار باردانہ موجود ہے جو گزشتہ سال کی تقسیم سے باقی رہ گئے تھے، کابینہ کے فیصلے کے مطابق رواں سال کی ضروریات کے مطابق نئے بیگز کی خریداری کے لئے ٹینڈرنگ پراسس شروع کردیا گیا ہے دستیاب باردانہ تمام اضلاع میں مساوی تقسیم کیا جائے گا سیکرٹری خزانہ نے اجلاس کو بتایا کہ نئے بیگز کی خریداری کے لئے 13 کروڑ 90 لاکھ روپے آج ہی جاری کئے جائیں گے جبکہ گندم خریداری کے لئے منظور شدہ پانچ ارب روپے میں سے نصف پیر کے روز جبکہ نصف رواں ماہ ہی جاری کردیئے جائیں گے تا کہ گندم خریداری کے عمل میں کوئی رکاوٹ پیش

خریداری کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت کے پاس وافر مقدار میں گندم کے ذخائر موجود ہیں تاہم کابینہ نے کسانوں سے مزید پانچ لاکھ میٹرک ٹن گندم کی خریداری کا فیصلہ کیا ہے کسانوں کو ریلیف دینا چاہتے ہیں ہماری کوشش ہے کہ زرعی پیداوار کے فوائد مڈل مین کے بجائے براہ راست کسان طبقے کو ہوں اور زرعی شعبے سے وابستہ افراد کی بھلائی ہو انہوں نے کہا کہ ماضی کی بدعنوانیوں کی وجہ سے محکمہ خوراک کے افسران معمول کے محکمہ جاتی امور کی انجام دہی سے بھی گریزاں ہیں جس کی وجہ سے گندم خریداری سمیت بیشتر محکمہ جاتی امور تعطل کا شکار رہتے ہیں لیکن اب ہم نے تہیہ کیا ہے کہ محکمہ خوراک سے بدعنوانیوں کا خاتمہ کر کے شفافیت لائیں گے اور اس محکمے سے کرپشن کا دھبہ صاف کر کے عوامی اعتماد بحال کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال کے لئے فریم ورک ایگریمنٹ پر ابھی سے کام شروع کردیا جائے تا کہ تمام امور بروقت نمٹائے جاسکیں اور تاخیر کے باعث کسانوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو یہ جو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اگلے سال کے فریم ورک ایگری منٹ پر ابھی سے کام شروع کرنے کی ہدایت کی ہے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر وفاق اور پنجاب میں پہلے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس ویژن کے مطابق کام کیا جاتا تو عین ممکن ہے کہ آج گندم کا جو بحران سر اٹھا چکا ہے اس کی نوبت ہی نہ آتی اور کسان سڑکوں پر نہ آتے ملک میں گندم بحران کی اگر بات کی جائے تو میڈیا میں گزشتہ روز حنیف عباسی اور اپنے نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے مابین ہونے والی تلخ کلامی پر خوب بحث مباحثہ ہوا ہے کہ آخر سابق نگران حکومت نے گندم کی بے وقت خریداری کی ہی کیوں؟ بہر حال وزیراعظم شہباز شریف نے نگران دور کے کئے گئے فیصلے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے امید ہے کہ کسانوں اور کاشتکاروں کے ساتھ انصاف ہوگا اور آئندہ کے لئے اس نوع کے بحرانات کا جنم ہی نہ ہو اس کے لئے وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جائیں گے باقی رہ گئی بلوچستان کی بات تو بلوچستان حکومت نے کل پیر سے گندم خریداری کا عمل شروع کرنے کا فیصلہ شروع کردیا ہے وزیراعلیٰ نے دوٹوک عزم کا بھی اظہار کیا ہے کہ محکمہ خوراک سے کرپشن کا داغ صاف کیا جائے گا مڈل مین کا کردار ختم کرنے اور کسانوں کی ریلیف کا بھرپور خیال رکھنے کا عزم انتہائی قابل ستائش اور مستحسن ہے امید ہے کہ اسے عملی جامہ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 MAY 2024 Page No. 21

## محکمہ تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے

بلوچستان حکومت نے صوبے کے ساڑھے آٹھ ہزار سے زائد اسکولوں میں سے 24 سو سے زائد غیر حاضر اساتذہ اور ملازمین کے خلاف کارروائی شروع کرتے ہوئے 68 ملازمین کو ملازمت سے برخاست جبکہ 98 کو معطل کر دیا ہے۔ گزشتہ ماہ صوبے کے 15 ہزار 168 اسکولوں میں سے 8 ہزار 6 سو 46 اسکولوں کا دورہ کیا گیا جن میں اساتذہ سمیت 2454 ملازمین غیر حاضر پائے گئے۔ محکمہ تعلیم کے غیر حاضر ملازمین اور اساتذہ کو نوکریوں سے برخاست کرنا اچھا عمل ہے، اس سے غیر حاضر اساتذہ کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ تاہم غیر حاضری کے دوران جو انہوں نے تنخواہ اور مراعات حاصل کی ہیں وہ بھی واپس لی جائیں اور انہیں مزید سزا دی جائے تا کہ آئندہ کسی استاد کی گھر بیٹھ کر تنخواہ لینے کی جرات ہی نہ ہو۔

انسان کی زندگی پر ہر شعبے کا بہت زیادہ اثر نہیں ہوتا، انسان کی زندگی پر سب سے زیادہ اثر انتہائی تھوڑے سے شعبوں یا اداروں کا ہوتا ہے، ان میں سب سے اہم گھر اور دوسرا اسکول ہوتا ہے۔ اگر انسان کے والدین سمجھدار ہوں اور اس کی تعلیم و تربیت اچھی طریقے سے کریں تو اس سے معاشرے کے لیے ایک کارآمد شہری بن جاتا ہے اور اگر والدین سمجھدار نہ ہوں تو پھر بچے کو اسکول بھیج کر اپنی ذمے داری اساتذہ پر منتقل کر دیتے ہیں اور اگر اساتذہ ہی غیر حاضر ہوں گے تو پھر یہ ذمے دار کون نبھائے گا۔ محکمہ پولیس میں اتنی کرپشن نہیں ہے جتنی محکمہ تعلیم میں ہے، مثال کے طور پر کتنے پولیس اہلکار ہیں جو گھر بیٹھے تنخواہ لیتے ہوں گے؟ بہت کم، لیکن اساتذہ کی اکثریت یا کم از کم آدھے کے قریب تو اپنے فرائض ادا کیے بغیر ہی تنخواہ وصول کر رہے ہیں اور محکمہ تعلیم کا باقی عملہ، جس میں مالی، کلرک اور دیگر شامل ہیں وہ بھی گھر بیٹھے تنخواہیں لیتے ہیں۔

معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کی ذمے داری اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب معاملہ غریب بچوں کی تعلیم و تربیت کا ہو۔ کیونکہ یہی وہ طبقہ ہے جسے تعلیم کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے، امیر کے بچے تو اچھے سے اچھے اسکول میں پڑھ لیتے ہیں، ان کے پاس کاروبار کے لیے سرمایہ ہوتا ہے، لیکن غریب کا بچہ اگر تعلیم و ہنر نہ حاصل کر سکے تو پھر زندگی بھر یا تو سخت محنت مزدوری کرتا ہے یا پھر جلد ترقی کے چکر میں چوری و رہزنی، کرپشن کے چکر میں پڑ کر دیگر برے کاموں میں لگ جاتا ہے، جس سے معاشرہ بری طرح متاثر ہوتا ہے۔ اگر یہ سرکاری اسکول اساتذہ اپنی ذمے داریاں احسن طریقے سے انجام دے دیں تو معاشرے میں چور، ڈاکو اور دیگر جرائم پیشہ افراد کی تعداد میں تیزی سے کمی ہو جائے۔ لہذا محکمہ تعلیم کے عملے سمیت اساتذہ کو گھر بیٹھے تنخواہ لینے پر سخت سزائیں دی جانی چاہئیں کیونکہ ان کی نااہلی سے کئی نسلیں متاثر ہوتی ہیں۔

ملک کا ایک بڑا مسئلہ نظام کا فقدان بھی ہی، یہاں وزیر و مشیر اپنی کارکردگی دکھانے کے لیے بھی جگہ جگہ سرپرائز وزٹ دینے میں ہی لگا ہوا ہے۔ آج کے جدید دور میں بھی اگر وزیر و مشیر اور شعبے کو سربراہ کو جگہ جگہ چھاپے ہی مارنے پڑیں اور وہ اپنے ماتحت پورے عملے کو فوری طور پر ایکسس (رابطہ) نہ کر سکے تو ایسے شعبے کے سربراہ پر لعنت ہی بھیجی جاسکتی ہے کہ انہوں نے جھک ہی ماری ہے۔ لہذا محکمہ تعلیم میں سرکاری اساتذہ سمیت تمام عملے کی حاضری کو یقینی بنانے اور ان کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے جدید نظام بنایا جائے۔ آج کل کمپنیاں پوری دنیا میں ملازمین رکھتی ہیں اور کوئی ان کے دفتر یا گھر میں چھاپہ مار کر چیک نہیں کرتا ہے کہ وہ دفتر یا گھر سے کام بھی کر رہے تھے یا نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک تو جدید بنیادوں پر حاضری کا نظام ہے، دوسرا کیمرے اور جدید سوفٹ ویئر کے تحت وہ ٹیم سے جب چاہیں رابطہ کر سکتے ہیں۔

صوبائی حکومت جس کے تحت محکمہ تعلیم آتا ہے، فوری طور پر تمام اسکولوں میں کیمرے لگوائے، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری کے لیے انگوٹھے لگانے کا نظام متعارف کروائے اور ساتھ ہی ہر اسکول اور اس میں تعینات عملے کی مکمل تفصیلات ویب پر فراہم کی جائیں تا کہ اس اسکول کے بچوں اور اس محلے کے کونسلر اور دیگر کو معلوم ہو سکے کہ ان کے علاقے کے اسکول میں اس وقت کون کون تعینات ہے اور غیر حاضر ہونے پر عوام فوری طور پر اس کی شکایت کر سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 MAY 2024

Page No. 22

# Balochistan's cry for peace

The law and order situation has been a serious issue particularly in Balochistan for the last two decades. Despite the government's claim, the law and order situation is not satisfactory. The incidents of bomb blasts, target killing, street crimes and honour killings are underway across the province. Just on Friday, a bomb blast in Khuzdar claimed three lives and wounded several others. President Khuzdar Press Club, Maulana Muhammad Siddique Mengal was also amongst the victims who lost their lives. Similarly, incidents of terrorism are also continue in all districts on a daily basis. The people are living in a state of fear and insecurity. The incidents of street crimes have also increased manifold in Quetta and other cities of Balochistan despite tight security by police and other law enforcement agencies.

Unfortunately, the deteriorating situation of law and order has left citizens in a state of perpetual fear, with rampant crime, terrorism, and violence becoming the norm. The security forces and civilians have rendered sacrifices during past two decades but regrettably the situation is not going to improve. Sadly, the province's law enforcement agencies seem overwhelmed, and their inability to contain the situation has resulted in rising incidents of targeted killings, sectarian violence and increased presence of militant groups. The provincial government allocates approximately Rs 55 billion for improvement and maintenance of law and order despite it the people are living under a constant threat and feel constant insecurity. The poor law and order situation in Balochistan is impacting its economy to a great extent as the investment has stalled, tourism has plummeted and the people are fleeing the province in search of safety.

Unfortunately, the root causes of this crisis are complex and multifaceted, but the government's inaction and lack of political will have exacerbated the situation. It is essential that the government strengthen law enforcement agencies and implement effective counter-terrorism strategies towards all who are creating hurdles for restoration of peace in the province. Likewise the government must also pay attention towards addressing the socio-economic grievances of masses on priority basis so that no one could exploit them and use them against the state. Last but not least, the authorities in powerful corridors must take earnest steps to engage in dialogue with local stakeholders to ensure long lasting peace in the province. The people of Balochistan demand a safe and secure environment. It is the government's responsibility to ensure that this fundamental right is protected.

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Express Quetta
Bullet No. 6
Dated: 05 MAY 2024 Page No. 23

# Wheat Procurement

The news of the wheat procurement initiative in Balochistan heralds a new dawn for farmers, auspicious prosperity and growth in the agricultural sector. It is a of the invaluable contribution of farmers to the nation's progress and a testament to the resilience and determination of the farming community in overcoming challenges. Let us celebrate this positive development and pledge our support to the farmers of Balochistan as they sow the seeds of a brighter future for themselves and the province. The purchase of wheat from Baluchistan farmers is not just a transaction; it is a commitment to empowering the farminge community and ensuring food security for all. The success of the wheat procurement initiative will not only boost the income of farmers but also contribute to poverty alleviation and rural development in the province. It is essential for the government to continue its support for the agricultural sector by investing in infrastructure, providing access to modern farming techniques, and addressing the challenges faced by farmers. As we look towards a future where the farmers of Balochistan thrive and the agricultural sector flourishes, it is imperative that government policies and initiatives continue to prioritize the well-being of those who work tirelessly to feed the nation. By encouraging wheat cultivation among farmers, not only will the province achieve self-sufficiency in wheat production but it will also prevent the need for costly imports to meet the food requirements of the population. Challenges persist, with the recent rains causing extensive damage to crops and leaving farmers in a precarious financial situation. The demands put forth by Kisan Ittehad for declaring an agricultural emergency to address issues such as electricity and water shortages are valid and urgent. Initiatives like providing free solar tube wells and improving infrastructure in the education department are essential steps towards ensuring the long-term sustainability of the agricultural sector in Balochistan.

Empowering Balochistan's Farmers Through Wheat Procurement Initiative Balochistan, the picturesque province renowned for its rugged landscapes and rich cultural heritage, is now set to witness a brighter future for its farming community. A breath of fresh air has swept through the agricultural sector as the news of the commencement of wheat procurement across the province on Monday, May 6, brings hope and optimism to the hardworking farmers of Balochistan. Amidst the challenges faced by farmers due to recent adverse weather conditions, the announcement of the purchase of 5 lakh tons of wheat from Balochistan farmers this year is like a ray of sunlight breaking through the storm clouds. The initiative not only promises economic stability for the farmers but also ensures food security for the millions of people who depend on locally grown wheat. The approval of 5 billion rupees by the Balochistan Cabinet for the purchase of wheat reflects the government's commitment to supporting the agricultural sector, which is the backbone of the province's economy.

This financial backing will provide much-needed relief to the farmers who have faced significant losses due to crop damage caused by the recent rains. The timely release of two and a half billion rupees by the finance department on Monday underscores the government's urgency in addressing the needs of the farming community. With the remaining amount set to be released later this month, the procurement process is expected to proceed smoothly, benefiting both farmers and consumers alike. Khalid Hussain, the Central Chairman of Kisan Ittehad, rightly emphasizes the importance of agriculture in Balochistan's economy and stresses the significance of supporting small scale farmers.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 MAY 2024 Page No. 24


## گندم اسکینڈل پر فوری فیصلہ کرنے کی ضرورت


تحریر:۔ محمد رمضان اچکزئی


ہماری 25 کروڑ عوام ایک ایسے ملک کے باسی ہیں جس میں آئے روز اسکینڈلز رونما ہوتے رہتے ہیں اور ہر اسکینڈل پر جے آئی ٹی، کمیشن یا انکوائری بنا کر اس اسکینڈل کو کاغذی کارروائیوں کی نظر کرتے ہوئے بے اثر بنا دیا جاتا ہے۔ ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پہچان نبوت سے پہلے بھی صادق اور امین سے تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب تجارت کرتے تھے تو بارش سے گیلے اناج کی بوریوں کا خریدار کو بتا کر اس کی قیمت میں کمی کرتے تھے۔ صادق اور امین کی حیثیت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اعلان ہوتے ہی کفار مکہ کا اسلام میں داخل ہونے کا سلسلہ شروع ہوا اور اس وقت پوری دنیا میں مسلمانوں کی آبادی ایک ارب 90 کروڑ تک پہنچ چکی ہے۔ دنیا کے کفار ممالک نے صادق اور امین کا سبق سیکھا اور یہ ممالک سچائی اور ایمانداری کی وجہ سے اس وقت دنیا کے مہذب معاشرے بن گئے ہیں جبکہ ہمارے اسلامی معاشروں میں بادشاہتیں، نیم جمہوری حکومتیں، ایمانداری اور سچائی سے محروم حکمران طبقے اور عوام سب صادق اور امین کا سبق نہیں سیکھ رہے۔ پیشتر ازیں آئی پی پیز کے اسکینڈل میں بغیر بجلی لیے ایک سال کیلئے آئی پی پیز کو بجلی قیمت کی ادائیگی کر کے ملک کو 2200 ارب روپے کا نقصان کپیسٹی چارجز کی مد میں پہنچایا جا چکا ہے اور اسی طرح ان پاور ہاؤسز کو تیل، فرنس آئل اور کوئلے کی خریداری میں بھی اربوں روپے کے نقصانات کے پہنچائے گئے اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے جس کا براہ راست اثر عام اور غریب عوام پر پڑ رہا ہے اور اس نچلے اور پسے ہوئے کمزور طبقے کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے اور بھوک سے نڈھال عوام ذہنی بیماریوں کی وجہ سے خودکشی کا شکار ہو رہے ہیں۔ اسی طرح چینی مافیا، دوائی مافیاز، ہسپتال مافیا، پرائیویٹ اسکول مافیا، بیف، مٹن چکن مافیا، ذخیرہ اندوز مافیا اور مہنگائی کرنے والے دیگر مافیاز نے اپنی اپنی اجارہ داری بنا کر غریب عوام کے زندہ رہنے کے حق کو ختم کر دیا ہے۔ موجودہ گندم اسکینڈل میں سابقہ نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی قیادت میں فوڈ سیکورٹی کے سیکریٹری کیپٹن (ر) محمود اور وزیر تجارت اعجاز گوہر کی ملی بھگت سے پہلے گندم کی کمی کا شوشہ چھوڑا گیا اور بعد ازاں سرکاری طور پر گندم کو درآمد کرنے کیلئے پہلی سمری کی منظوری کے بعد دوسری سمری منظور کر کے زرمبادلہ کے ذخیرے کو ایک ارب ڈالر کا نقصان پہنچاتے ہوئے پرائیویٹ امپورٹرز کو درآمد کی اجازت دی گئی ہے۔ اس عمل سے قومی خزانے کو 300 ارب روپے سے زیادہ کا نقصان ہوا جبکہ ان کو معلوم تھا کہ اس بار ملک میں بمپر فصل ہوگی۔ 34 میٹرک ٹن گندم کی درآمد کے بعد اس وقت ملک میں گندم کی فصل تیار ہو چکی ہے جو سرکاری خریداری کی منتظر ہے لیکن حکومتی سطح پر سرکاری نرخ ہونے کے باوجود کسانوں سے گندم نہیں خریدی جا رہی اور اب مارکیٹ میں گندم کی قیمت آڑھتی اور مڈل مین کے آنے کی وجہ سے 2000 روپے من تک پہنچ سکتی ہے جس کی وجہ سے کسانوں کو لینے کے دینے پڑ رہے ہیں۔ اس قسم کی پالیسیوں سے مستقبل میں کسانوں کا حکومت پر اعتماد ختم ہونے سے خوراک کے مسائل اور فصلوں کی بے ترتیبی کے مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں جو ملک کی زرعی ترقی کیلئے تباہ کن اقدام ہوگا۔ وکلاء تحریک کے دوران بیرسٹر اعتزاز احسن اپنی شاعری میں کہتے تھے کہ "ریاست ہوگی ماں کے جیسی" اب ریاست نے ماں کا کردار ادا کرتے ہوئے پورے ملک اور بالخصوص پنجاب میں سڑکوں پر نکلے ہوئے کسانوں کی بات سن کر ان کے مسائل کے حل کیلئے فوری فیصلہ کرنا ہے تاکہ زراعت سے تعلق رکھنے والے ان کسانوں کو نقصان سے بچایا جا سکے۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے گندم اسکینڈل کی چھان بین کیلئے ایک تحقیقاتی ٹیم ریٹائرڈ جسٹس میاں مشتاق کی سربراہی میں بنا کر انہیں 4 دن میں رپورٹ پیش کرنے کا وقت دیا ہے جیسا کہ پہلے ہی عرض کیا جا چکا ہے کہ اس طرح کے کمیشن اور کمیٹیاں وقت لینے کی ایک ترکیب ہوتی ہیں اس کے بجائے فوری طور پر کابینہ میں اس اسکینڈل سے متعلق بریفنگ لے کر اس کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ جہاز کے ذریعے یوکرین سے پاکستان گندم پہنچنے کیلئے 25 دن لگتے ہیں لیکن نگراں حکومت نے جب پرائیویٹ امپورٹر کو گندم امپورٹ کرنے کا کہا تو 07 دنوں میں گندم پاکستان پہنچ گئی۔ ایسے اسکینڈلز سے متعلق سپریم کورٹ آف پاکستان کو بھی ازخود نوٹس لینا چاہیے جبکہ ایس آئی ایف سی کی میٹنگ بلا کر اس اسکینڈل کے کرداروں کو بے نقاب کر کے انہیں قرار واقعی سزا دینی چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق درآمد شدہ گندم کی کوالٹی بھی خراب ہے اس لئے سرکاری سطح پر اس گندم کی کوالٹی کو چیک کیا جائے اور غیر معیاری گندم ہونے کی صورت میں امپورٹرز کو یہ گندم واپس کی جائے تاکہ وہ اسے یوکرین پہنچائیں اور غیر معیاری گندم کے امپورٹرز اور اس کرپشن میں ملوث افراد وغیرہ اپنی کرپشن کی سزا بھگتیں اور حکومت کو موقع ملے گا کہ وہ کسانوں سے سرکاری قیمت پر گندم خرید لے تاکہ کسانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں زراعت کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے۔ کسی بڑے کو سزا ہوگی تو حرام خوری کرنے والوں کی آنکھیں کھل سکیں گی اور انہیں خوف ہوگا کہ ملک کے نظام میں بددیانتی اور بدعنوانی کی گنجائش ختم ہو رہی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارے حکمران اور عوام سچائی اور ایمانداری پر عمل کرتے ہوئے مہنگائی، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ، لوٹ مار، ناپ تول میں کمی، غیر اخلاقی اور غیر اسلامی ہر اس اقدام کو ختم کریں جس سے ملک اور عوام کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ گزشتہ دن اسلام آباد کے ایک ہوٹل میں سابق نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور مسلم لیگ ن کے حنیف عباسی کے مکالمے میڈیا میں آ چکے ہیں جس میں حنیف عباسی نے سابق وزیراعظم کو گندم اسکینڈل میں ذمہ دار قرار دیا ہے۔ جبکہ سابق وزیراعظم نے حنیف عباسی کو دھمکی دی کہ انہیں مجبور نہ کیا جائے کہ وہ فارم 47 کا ذکر کرے کہ کس طرح مسلم لیگ ن الیکشن جیت گئی ہے۔ یہ دونوں کے درمیان کتنی بے شرمی کے کلمات ہے اور عوام دیکھ رہے ہیں۔ اس گندم اسکینڈل میں بلوچستان کے کسانوں کو بھی بہت نقصان ہو رہا ہے کیونکہ انہوں نے مہنگے داموں باردانہ خریدا، ڈی اے پی کھاد 17 ہزار روپے اور یوریا کھاد ساڑھے 6 ہزار روپے میں خریدی اور اس کے علاوہ بزگر کی مزدوری اور دیگر اخراجات اس امید پر کیے کہ انہیں فصل کی سرکاری قیمت 4 ہزار روپے فی من ملے گی۔ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے کابینہ کے ذریعے فیصلہ کیا ہے کہ زمینداروں سے 5 لاکھ ٹن گندم خریدا جائے گا۔ جو احسن اقدام ہے۔ باقی صوبائی حکومتیں اور وفاقی حکومت اس کی پیروی کرے تاکہ کسانوں کی مشکلات حل ہو سکے اور حکومت پر عوام کا اعتماد بحال ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA


Bullet No.

Dated: 05 MAY 2024 Page No.



صوبائی وزیر صحت سردارزادہ میر فیصل خان جمالی اور سیکرٹری صحت عبداللہ خان سول ہسپتال کوئٹہ کے مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



پشین، وزیر خوراک نور محمد دمڑ پی آر سی کے دورے کے موقع پر مختلف حصوں کا معائنہ کررہے ہیں

CamScanner